© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب و روز

**دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز اور افتتاحی تقریب:** الحمدللہ ۲۳ ر اکتوبر ۲۰۰۸ء کو دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس سے قبل دو ہفتے تک دارالعلوم کے تمام درجات میں کثیر تعداد میں داخلہ ہوا اور باوجود سخت امتحان اور قواعد وضوابط کے درس نظامی سمیت تمام شعبوں میں ڈھائی ہزار سے زائد طلباء کا اس سال الحمدللہ داخلہ مکمل ہوا۔ جن میں صرف دورہ حدیث کے طلباء کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ افتتاح کے موقع پر دارالعلوم کے تمام اساتذہ‘ مشائخ وطلباء ایوان شریعت (دارالحدیث) کے وسیع وعریض ہال میں جمع تھے۔ حسب سابق پہلے اجتماعی طور پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ پھر اس کے بعد حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے درس حدیث ترمذی سے باقاعدہ اسباق کا آغاز کیا۔ اس موقع پر آپ نے طلباء سے فضیلت علم‘ علماء طلباء کی ذمہ داریاں‘ پابندی اوقات اور موجودہ نئے حالات میں دینی مدارس اور علماء وطلباء کو درپیش نئے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے بھرپور علمی تیاریوں کے بارے میں نصیحت آموز اور سیر حاصل خطاب فرمایا۔ پھر نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے تفصیلی اور ہدایات سے بھرپور جامع خطاب فرمایا۔ آپ کے علاوہ دارالعلوم کے مدرس مولانا سید محمد یوسف شاہ صاحب نے دارالعلوم کے قواعد وضوابط پر روشنی ڈالی اور طلباء کو اس پر عمل درآمد کی تلقین کی۔ آخر میں شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ نے جامع اختتامی دعا فرمائی۔

**دارالعلوم کے مخلصین کو صدمات:** دارالعلوم کے انتہائی مخلص اور جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنما صاحبزادہ مولانا عتیق الرحمان کے بڑے بھائی اور روحانی مرشد مولانا محمد ایوب ہاشمی مرحوم کے فرزند مولانا مسعود الرحمٰن گزشتہ دنوں انتقال فرماگئے۔ حضرت مولانا مدظلہ آپکے گاؤں دھمتوڑ خواجگان (ایبٹ آباد) جاکر مولانا عتیق الرحمٰن صاحب مدظلہ اور انکے دیگر پسماندگان سے تعزیت کی‘ اسکے علاوہ مولانا مدظلہ نے جمعیت کے ایک اور بزرگ رہنما مولانا نور محمد خطیب کی فوتگی پر انکے خاندان سے بھی تعزیت کی‘ اسکے علاوہ دارالعلوم کے قدیم مخلص اور معاون جناب الحاج سجاول خان صاحب گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال فرماگئے‘ مرحوم دارالعلوم کے ابتدائی معاونین میں سے تھے‘ آپ حضرت مولانا عبدالحق صاحب مرقدہ کے خاص مریدین میں سے تھے۔ مولانا مدظلہ نے ان کی نماز جنازہ تورڈھیر میں پڑھائی‘ اسکے علاوہ دارالعلوم اور خانوادہ مولانا عبدالحق صاحب مرقدہ کے مخلص اور محب مکرم جناب ذاکر خان صاحب کے جواں سالہ فرزند کا گزشتہ دنوں انتقال ہوا۔ انکے رفع درجات کیلئے بھی قارئین سے خصوصی دعاؤں کی اپیل ہے۔

© rasailojaraid.com